© rasailojaraid.com





# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

سید محمد ذوالکفل بخاری۔

O مغربی ممالک میں مقیم مسلمانوں کی دینی ذمہ داریاں

O مصنف: ابو عمار زاہد الراشدی

O ناشر: الشریعہ اکیڈمی مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ

O ضخامت: ۸۷ صفحات

O کتابت طباعت: عمدہ قیمت: ۲۰ روپے پاکستانی

اس میں کلام نہیں کہ مغرب اور مشرق کا باہمی بُعد، تفاوت اور تقابل ---- واقعی ہے۔ لیکن اس کی حقیقی بنیاد جغرافیے سے زیادہ نظریئے پر استوار ہے۔ حیات و کائنات سے وابستہ اور مذہب و تمدن سے پیوستہ سبھی تصورات، اصول اور عقائد میں اگر اختلاف، تضاد اور تصادم کی کیفیت صدیوں سے مستقلاً موجود ہے تو اس کا سبب وہ شعور ہے جو مشرق اور مغرب سے نہیں، دین اور لادینیت سے عبارت ہے یعنی (عصر حاضر کے ایک بزرگ مصلح اور مدبّر ابوالحسن علی ندوی کے الفاظ میں) یہ سیدھی سیدھی "اسلامیت" اور "مغربیت" کی کشمکش ہے۔ جس کا ہم مسلمانوں کو اس وقت سامنا ہے اور اس آزمائش و ابتلاء کی گھڑیاں جوں جوں طویل ہو رہی ہیں توں توں شدید اور سخت بھی ہو رہی ہیں۔ پھر وہ مسلمان جن کے قلوب یا قدوم مغرب میں جا ٹکے ہیں خاص طور پر "زغۂ اعداء" میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔

ایسے وقت میں صحیح سمت میں غور و فکر، صحیح سمت میں حرکت و عمل اور صحیح سمت میں رہنمائی کی ضرورت کو پورا کرنا امت کے اصحابِ علم و دانش کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اس اعتبار سے مولانا زاہد الراشدی کی یہ تازہ کتاب بہت وقیع اور بہت بروقت ہے۔ علماء کرام، دانشور، عام مغربی مسلمان اور ان کی نئی نسل کے حوالے سے الگ الگ عنوان کے تحت مولانا نے جو کچھ فرمایا ہے وہ ہم سب کی فوری توجہ کا مستحق ہے۔

O "تاریخ شاہی" نمبر ------ ماہنامہ "ندائے شاہی" مراد آباد (انڈیا)

O مرتب: محمد سلمان منصور پوری

O ناشر: جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد

O ضخامت: ۶۴۸ صفحات

O قیمت (بھارت میں): ۷۰ روپے

© rasailojaraid.com